Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۵ ربیع الثانی سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۷ جولائی سنہ ۱۹۳۵ء جلد ۳۴

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

نمبر	مضمون	صفحہ	نمبر	مضمون	صفحہ
(۱)	رخصت کپتان صاحبزادہ سید رشید علیخاں بہادر ایڈی سی	۲	۷	رخصت رول کپتان عبدالغفار خاں صاحب وغیرہ	۳
(۲)	قائمی ایجیثیت سکریٹری کمیٹی وضع قوانین، سید جعفر علی احمد صاحب بی۔اے۔ پبلک انفارمیشن آفیسر	"	۸	انتظام سلسلہ روانگی اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم (انتظام مسوری)	۴
۳	واپسی از رخصت ملازمان فوج بسبب ضرورت گورنمنٹ	"	۹	عطائے اختیارات اسسٹنٹ سشن جج بجناب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول	۵
۴	روبکار ریاست مراسلت کاغذات فوج با جلاس ہمایوں۔	"	۹	عطائے اختیارات مجسٹریٹ درجہ اول بجناب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ دوم	"
۵	منظوری رخصت صاحب اسٹیٹ ایڈوکیٹ۔	۲-۳	۱۰	رخصت رول انڈین آفیسرز۔	"
۶	منظوری ترمیم قانون آبکاری ایکٹ مجریہ سنہ ۱۹۰۹ء	۳			

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

نمبر	مضمون	صفحہ	نمبر	مضمون	صفحہ
۱	منظوری تقرر و اشارہ کس اہلکاران صیغہ بندوبست	(۶)	۲	تفرق آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور	[illegible]

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس اعلیٰحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

حکم :- واقع ۱۰ جولائی ۱۹۳۵ء

مرتبہ وضداشت صاحب ... ملازم منسٹر بہادر باستدعائے منظوری رخصت اتفاقیہ ایک ہفتہ مطلوبہ کپتان صاحبزادہ سید رشید علیخاں بہادر اے ڈی سی از ۱۹ جولائی ۱۹۳۵ء بوجہ علالت پسر کپتان صاحب موصوف جن کا آپریشن لکھنؤ یا دہلی میں کرائیں گے۔

حکم

بموجب رپورٹ کپتان صاحبزادہ سید رشید علی خاں بہادر اے ڈی سی کی رخصت اتفاقیہ ایک ہفتہ یوم ... سے منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار :- واقع ۲۰ جولائی ۱۹۳۵ء

وضداشت متعلقہ ملاحظہ ہوئی۔ بسلسلۂ نفاذ قانون وقواعد انتخاب کارروائی کمیٹی واضع قوانین "ابتدائی مراحل" اور تحت قانون کارروائی انتخاب وضع قوانین طے اور شروع کرنے کے لئے ایک افسر مقرر کئے جانے کی ضرورت ہے۔ حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر سید معقول احمد بی۔ اے کو سکریٹری کمیٹی واضع قوانین مقرر کیا جاتا ہے موقع الغرض سکریٹری اپنی خدمات کے علاوہ انجام دینگے اور ان کو کوئی الاونس نہیں دیا جائیگا۔ حکم ہوا کہ:-

روبکار ہذا مع وضداشت متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

تعمیل حکم اجلاس عالی سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوا ایک نقل درج گزٹ کی جاتی ہے۔ ۲۰ جولائی ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار :- واقع ۱۰ جولائی ۱۹۳۵ء

چونکہ گورنر وزٹ ہو رہی ہے لہٰذا حکم دیا جاتا ہے کہ زمرہ جات فوج کے جملہ ملازمان جو رخصت پر ہیں ان کو واپس بلایا جائے۔ جو ملازمان کو کام ہی گذریگا گورنر وزٹ کے بعد ان کی بقیہ رخصت میں ایزاد ہو کر کی مدت رخصت منظور شدہ پوری کرنے کی اجازت ہوگی۔

حکم ہوا کہ

آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار :- واقع ۱۱ جولائی ۱۹۳۵ء

کرنل ہیبر ... صاحب آرمی منسٹر بہادر ایک لسٹ پر ہیں لہٰذا انکے متعلقہ کاغذات براہ راست اجلاس عالی میں پیش کئے جائیں۔ مابدولت اقبال احکام صادر فرمائینگے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

حکم :- واقع ۲۲ جولائی ۱۹۳۵ء

مرتبہ وضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے صادر حکم منظوری رخصت حاجی ... صاحب اسسٹنٹ ایڈوکیٹ از ۱۴ جولائی تا ۳ اگست ۱۹۳۵ء بسلسلہ ... بوجہ عدم انقضائے مدت چھ ماہ رخصت حاجی صاحب نہیں مستحق ہیں صاحب چیف منسٹر بہادر سفارش بمٹینگ کونسل جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۱۴ جولائی ۱۹۳۵ء پر منحصر ہے کام کو انتظام کونسل کے جلسہ منعقدہ ۸ جولائی ۱۹۳۵ء میں کیا گیا ہے۔

حکم

بموجب رپورٹ صاحب اسسٹنٹ ایڈوکیٹ کی رخصت ایک ماہ از ۱۴ جولائی تا ۳ اگست ۱۹۳۵ء بصیغہ خاص رعایتی منظور ہے کاغذات برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں (دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۳ر جولائی ۱۹۳۵ء (دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:۔ واقع ۲۳ر جولائی ۱۹۳۵ء

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوئے جس میں استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر ترمیمہ قانون آبکاری ریاست رامپور متعلقہ ۱۹۳۵ء کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

مسودہ واپس کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ متعلقہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۳ر جولائی ۱۹۳۵ء (دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

ترمیمہ قانون آبکاری ریاست رامپور مجریہ ۱۹۳۵ء

ہرگاہ بہ قرین مصلحت ہے کہ قانون آبکاری ریاست رامپور مجریہ ۱۹۰۹ء میں ترمیم کیجائے لہٰذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:۔

نام قانون } دفعہ (۱) اس قانون کا نام "ترمیمہ قانون آبکاری ریاست رامپور مجریہ ۱۹۳۵ء" ہوگا۔

تاریخ نفاذ } دفعہ (۲) اس قانون کا نفاذ تاریخ اشاعت گزٹ سے ہوگا۔

ترمیم دفعہ ۳ ضمن (الف) } دفعہ (۳) دفعہ ۳ کی ضمن (الف) کی عبارت حذف کیجاتی ہے اور اس کی بجائے حسب ذیل عبارت درج کی جاتی ہے:۔

"منشاء قانون ہذا میں حاکم اعلیٰ سے مراد منسٹر انچارج محکمہ آبکاری ہوگا"

دفعہ (۴) قانون آبکاری ریاست رامپور مجریہ ۱۹۰۹ء کی جن جن دفعات میں الفاظ "صاحب سکریٹری لیجسلیٹیو" درج ہیں ان کی بجائے الفاظ "منسٹر انچارج محکمہ آبکاری" درج کئے جائیں۔

ترمیم دفعہ ۱۵ } دفعہ (۵) قانون آبکاری ریاست رامپور مجریہ ۱۹۰۹ء کی دفعہ ۱۵ کی دوسری سطر میں الفاظ "اپنے قبضہ میں رکھے" کے بعد الفاظ "یا کوئی شراب مقطر" اضافہ کئے جائیں۔ اور تیسری سطر میں الفاظ "تیار کرے" کے بعد الفاظ "یا قبضہ میں رکھے" بڑھائے جائیں اور خاتمہ دفعہ مذکور کے بعد حسب ذیل الفاظ اضافہ کئے جائیں "یا وہ مقطر یا جوش کھائی ہوئی شراب جو کسی لائسنس دار مجاز سے حاصل کی گئی ہو"

حکم:۔ واقع ۲۳ر جولائی ۱۹۳۵ء

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوئے حسب رپورٹ کمانڈنگ آفیسر رامپور رسالہ انفنٹری کپتان عبدالغفار خاں و سکنڈ لفٹننٹ حمید اللہ خاں کی رخصت دو دو ایک ایک ماہ بموجب نقشہ متعلقہ منظور ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

نقشہ رخصت دو ملازمان فوج ریاست رامپور

نمبر شمار	نمبر رجسٹر	عہدہ	نام مع ولدیت	تعداد یوم	کب سے	کب تک	کیفیت
۱	•	کپتان	عبدالغفار خاں صاحب ولد ذوالفقار علی خاں صاحب	ایک ماہ	۲ر اگست ۱۹۳۵ء	یکم ستمبر ۱۹۳۵ء	
۲	•	سکنڈ لفٹننٹ	حمید اللہ خاں صاحب ولد محمد شفیع خاں صاحب	ایک ماہ	۲ر اگست ۱۹۳۵ء	۲ر ستمبر ۱۹۳۵ء	

دستخط کپتان حسام الدین کمانڈر

روبکار:۔ واقع ۲۴ر جولائی ۱۹۳۵ء

ما بدولت و اقبال یکم اگست ۱۹۳۵ء کو شب میں رخصت نینی تال تشریف لے جائیں گے۔ ہماری غیر موجودگی میں جملہ امور معاملات کے متعلق جناب ہز ہائینس ولی عہد بہادر سے حکم حاصل کیا جائے۔ اجلاس ہمایوں کے کاغذات بنشانے روبکار ۳۱ر جولائی ۱۹۳۵ء کو سوری بھیجے جائیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

روبکار :-

مورخہ ۲۴ جولائی ۱۹۳۵ء

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوتے آجکل ہائی کورٹ میں صرف دریچہ میں مقدمات سیشن کی تعداد زیادہ ہوگئی ہے۔ ان مقدمات کو جلد تصفیہ کرنے کی غرض سے صاحب چیف منسٹر بہادر و صاحب چیف جسٹس بہادر کی حسب ذیل متفقہ تجویز منظور کیجاتی ہے :-

(۱) مولوی علاء الحق اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کو برائے سماعت و تجویز مقدمات سیشن جن کی ہائی کورٹ میں ابھی کارروائی سماعت شروع نہیں ہوئی ہے۔ حسب دفعہ (۹۱) ضابطہ فوجداری ریاست رامپور ۱۹۳۵ء اختیارات اسسٹنٹ سیشن جج عطا کئے جاتے ہیں۔ انہیں ان مقدمات سیشن کو فیصل کرنے کا اختیار ہوگا۔ جن میں صاحب چیف جسٹس بہادر ہائی کورٹ سے ان کی عدالت میں منتقل کریں۔

(۲) مولوی سید نعیم الدین منصف مجسٹریٹ درجہ دوم کو برائے سماعت و تجویز مقدمات متعلقہ قابل سماعت مجسٹریٹ درجہ اول حسب دفعہ (۲۰) ضابطہ فوجداری ریاست رامپور ۱۹۳۵ء اختیارات مجسٹریٹ درجہ اول عطا کئے جاتے ہیں۔ ان کو اپنی عدالت متعلقہ کے علاوہ ان مقدمات کو بھی جنہیں صاحب چیف مجسٹریٹ مولوی علاء الحق اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت سے منتقل کریں سماعت و تجویز کا اختیار ہوگا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا معہ کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام حسب صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

حسب منشائے حکم بالا یوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

۲۴ جولائی ۱۹۳۵ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم :-

مورخہ ۲۲ جولائی ۱۹۳۵ء

تجویز درخواست کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ امپیریل سروس انفنٹری دربارہ صدور حکم منظوری رخصت چار انڈین آفیسرز صاحبان

فہرست منسلکہ

حکم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوتے حسب رپورٹ کمانڈنگ افسر فرسٹ رامپور امپیریل سروس انفنٹری چار انڈین آفیسرز کی رخصت دو ماہ ایک ایک ماہ بموجب نقشہ منسلکہ منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں آرمی آرڈر جاری کیا جائے

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

نقشہ رخصت فل انڈین افسر صاحبان

نمبر شمار	نمبر حساب	عہدہ	نام معہ ولدیت	تعداد ایام	کب سے	کب تک	کیفیت
۱	۰	جمعدار	امیر احمد خاں صاحب ولد وزیر احمد خاں صاحب	ایک ماہ	۲۰ اگست ۱۹۳۵ء	۱۹ ستمبر	
۲	۰	"	انتظام حسین خاں صاحب ولد علی حسین خاں صاحب	"	"	"	
۳	۰	صوبیدار	خلیل الرحمن خاں صاحب ولد محمد ہاشم خاں صاحب	"	"	"	
۴	۰	"	امین خاں صاحب ولد ہیرا خاں صاحب	"	"	"	

دستخط کپتان صاحب کمانڈنگ افسر

روبکار :-

مورخہ ۲۶ جولائی ۱۹۳۵ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

صاحب آرمی منسٹر بہادر رخصت پر ہیں اب انکی غیبت کے متعلق انچارج صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر و ملٹری سیکرٹری صاحب کو سارجنٹ میجر بہادر لہذا انکو جو اختیار دیا جاتا ہے کل امور متعلقہ خود انجام دینگے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل

مورخہ ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۲۰ جولائی ۱۹۳۵ء میں کاغذات بابت تقرر عارضی ۱۸ عدد اہلکاران برائے بندوبست جدید پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب اتفاق رائے سروس سلکشن بورڈ بمشورہ فائنانس ڈپارٹمنٹ بندوبست جدید کے لئے ۱۸ عدد اہلکاران کا بصراحت تحت تا آخر ستمبر ۱۹۳۵ء عارضی تقرر منظور کیا جاتا ہے

منجملہ ان ۱۸ اہلکاران کے چھ شخص ضلع غیر کے باشندے ہیں

بجٹ سال رواں میں مصارف مندرجہ کی رقم منظور ہو چکی ہے

نمبر شمار	نام	سکونت	تنخواہ
۱	بنواری لال	سوار خاص	[illegible]
۲	گنج بہاری لال	بکرم پور	[illegible]
۳	بیجے لال	ملک	[illegible]
۴	ہر سروپ	کھاتہ نگلیا	[illegible]
۵	الفت رائے	کھنڈیا	[illegible]
۶	شیام لال	رامپور خاص	[illegible]
۷	چندا لال	اکبر آباد	[illegible]
۸	غلام محمد خاں	رامپور خاص	[illegible]
۹	شفیع احمد خاں	رامپور خاص	[illegible]
۱۰	رامچندر	بلاسپور خاص	[illegible]
۱۱	جگنا پرشاد	رامپور خاص	[illegible]
۱۲	یوسف حسن	رامپور خاص	[illegible]
۱۳	گوکل پرشاد	علی گڑھ	[illegible]
۱۴	لکا پرشاد	بدایوں	[illegible]
۱۵	محمد حنیف ولد مہدی حسن	اعظم گڑھ	[illegible]
۱۶	علی صفدر ولد مرتضیٰ علی	جون پور	[illegible]
۱۷	مصطفیٰ حسین	مراد آباد	[illegible]
۱۸	سید زوار حسین	بمکان سید علی جواد صاحب	[illegible]

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر }
دستخط صاحب ایکٹنگ سکریٹری بہادر کونسل }

آرڈران اسٹیٹ کونسل :-

مورخہ ۲۲ جولائی ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۲۰ جولائی ۱۹۳۵ء میں کاغذات بحالی منشی ولی محمد انگلش کلرک دفتر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر بشاہرہ دس روپیہ از یکم مئی ۱۹۳۵ء پیش ہوئے۔

بوقت ترتیب بجٹ سال رواں کلرک مذکور کو یکم مئی ۱۹۳۵ء سے ۳۱ اکتوبر ۱۹۳۵ء تک تخفیف کیا گیا تھا اور یکم نومبر ۱۹۳۵ء سے عہدہ پیشکاری صاحب ہاؤس سکریٹری بہادر تقرر کا حکم لیکن بوجہ کثرت کار و قلت اہلکاران ولی محمد انگلش کلرک سے اب تک دفتر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر میں کام لیا گیا ہے

بنا بر آں صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کی تحریک ہے
کہ پیشکاری مذکورہ بالا پر یکم نومبر ۱۹۳۵ء سے دوسرا انتظام
ہو جائے گا کلرک بدستور سابقہ جگہ پر یکم مئی ۱۹۳۵ء سے
بحال فرمایا جائے۔ لہذا طے پایا کہ:-

ولی محمد انگلش کلرک مشاہرہ (۳۰) تیس روپے کو سابقہ جگہ
پر یکم مئی ۱۹۳۵ء سے بحال کیا جاتا ہے۔ تنخواہ گیارہ ماہ مئی ۱۹۳۵ء
لغایت مارچ ۱۹۳۶ء تک کے لئے تین سو تیس (۳۳۰) روپیہ کی ضرورت
ہوگی۔ لہذا حسب تجویز صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر و باتفاق
رائے صاحب فائنانس تین سو تیس (۳۳۰) روپیہ کی منتقلی بجٹ ہاؤس
ہولڈ کی مد مشاہرات میں بصراحت تحت منظور کی جاتی ہے۔

از مد مشاہرات باورچی خانہ عام انگریزی　　ماعہ

از مد مشاہرات باورچی خانہ ہندوستانی عام　　مالعہ

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب ایکٹنگ سکریٹری اجلاس کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل　　واقع ۲۲ جولائی ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۲۰ جولائی ۱۹۳۵ء
میں کاغذات برقراری سلسلہ ملازمت مولوی علاء الحق صاحب
اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول پیش ہو کر طے پایا کہ:-

مولوی علاء الحق صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول
کی شکست شدہ ملازمت کا برقرار کیا جانا منظور ہے زمانہ علیحدگی
کی تنخواہ نہیں دلائی جائے گی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب ایکٹنگ سکریٹری اجلاس کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل　　واقع ۲۲ جولائی ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۲۰ جولائی ۱۹۳۵ء
میں کاغذات عطائے رینک "ہیڈ کلرک" بقاضی علی الدین کلرک
ہائی اسکول پیش ہو کر طے پایا کہ:-

قاضی علی الدین کلرک کو "ہیڈ کلرک" کا رینک
عطا کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب ایکٹنگ سکریٹری اجلاس کونسل

حکم اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم :- واقع ۲۵ ر جولائی ۳۵ء

حسب تحریر صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر منشی محمد شفیع خاں سینیر سپرنٹنڈنٹ آڈٹ کی رخصت رعایتی ایکماہ حسب استحقاق ۲ ر اگست ۱۹۳۵ء سے منظور کیجاتی ہے دوران رخصت میں کام کا انتظام بتفصیل ذیل کیا جاتا ہے:-

(۱) منشی محمود شاہ بیگ سینیر سپرنٹنڈنٹ فائنانس سینیر سپرنٹنڈنٹ آڈٹ کی حیثیت سے کام انجام دیں

(۲) منشی محمد نبی خاں سپرنٹنڈنٹ آڈٹ منشی محمود شاہ بیگ کیجگہ فائنانس سیکشن میں کام کریں۔

(۳) منشی عثمان علیخاں منشی محمد نبی خاں کا کام اپنے کام کے علاوہ انجام دیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں، ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے اصل کاغذات اسٹیٹ کونسل میں پیش ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر